والدین کیلئے سکول کے ماحول کے بارے میں معلومات

سب طالبعلموں کو سکول میں محفوظ اور اچھے ماحول کا حق حاصل ہے جو صحت،اطمینان اور تحصیل علم کو فروغ دے۔ اس کا تعلق سکول کے مادّی ماحول سے بھی ہے اور سکول کے سائیکوسوشل ماحول سے بھی ہے۔

سکول یہ یقینی بنائے گا کہ سکول میں طالبعلموں کے حالات محفوظ اور اچھے ہوں

اس سلسلے میں فیصلہ کن اہمیت اس بات کی ہے کہ سکول میں اپنے حال کے متعلق طالبعلم خود کیا محسوس کرتے ہیں۔

سکول میں کام کرنے والے سب لوگوں کیلئے ضروری ہے کہ سکول میں طالبعلموں کو اچھے حالات مہیا ہونے کا خیال رکھیں۔ اگر سکول میں ایک بڑا یہ جانتا ہو – یا سمجھتا ہو – کہ ایک طالبعلم کو موبنگ کا نشانہ بنایا جاتا ہے، ستایا جاتا ہے یا کسی اور وجہ سے اس کے حالات اچھے نہیں ہیں تو اس بڑے کیلئے ضروری ہے کہ ہمیشہ

- فوری طور پر دخل دے کر غلط سلوک کو روکے
- پرنسپل کو بتائے
- واقعے کی چھان بین کرے

پرنسپل کی ذمہ داری ہے کہ سکول میں طالبعلم کے حالات دوبارہ محفوظ اور اچھے بنانے کیلئے ایک پلان بنائے اور اقدامات شروع کرے۔ اسے سکول کا 'اقدام کرنے کا فرض' کہتے ہیں۔

اگر سکول کے عملے کا کوئی فرد طالبعلم کی دلآزاری کرے

اگر کسی طالبعلم کے ساتھ ایسا واقعہ ہو کہ کوئی استاد یا سکول میں کام کرنے والا کوئی شخص اس کے ساتھ موبنگ کرے یا اس کی دلآزاری کرے تو سکول پر معاملے کی چھان بین اور اقدام کی اور بھی زیادہ ذمہ داری ہے۔ پرنسپل پھر سکول کے مالک کو آگاہ کرے گا جو اس معاملے کی مزید خبرگیری کرے گا۔

کاؤنٹی کمیشنر (fylkesmannen) کو معاملے کی رپورٹ

اگر آپکے خیال میں یا آپ کے بچے کے خیال میں سکول نے دلآزاری روکنے کیلئے کافی کام نہیں کیا ہے تو آپ کاؤنٹی کمیشنر کو معاملے کی رپورٹ کر سکتے ہیں۔

- اس کیلئے ضروری ہے کہ آپ پہلے سکول میں پرنسپل کے ساتھ اس معاملے کا ذکر کر چکے ہوں۔
- آپ کو پرنسپل کے ساتھ اس معاملے پر بات کیے ہوئے کم از کم ایک ہفتہ گزر چکا ہو۔
- یہ معاملہ اس سکول کے ماحول سے تعلق رکھتا ہو جس سکول میں طالبعلم ابھی پڑھ رہا ہے۔

اگر معاملہ نہایت خاص ہو تو اوپر درج مراحل پورے کیے بغیر بھی آپ کاؤنٹی کمیشنر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ کو اسی کاؤنٹی کے کمیشنر سے رابطہ کرنا ہو گا جس کاؤنٹی میں آپ رہتے ہیں۔

کاؤنٹی کمیشنر کیا کر سکتا ہے؟

اگر کاؤنٹی کمیشنر کی رائے میں سکول نے وہ کچھ نہیں کیا ہے جو اسے کرنا چاہیئے تھا تو کاؤنٹی کمیشنر فیصلہ کر سکتا ہے کہ طالبعلم کیلئے سکول کا محفوظ اور اچھا ماحول دوبارہ یقینی بنانے کیلئے سکول کو کیا کرنا ہو گا۔ کاؤنٹی کمیشنر ایک تاریخ مقرر کرے گا جس تاریخ تک اقدامات کیے جائیں گے اور معاملے کی خبر رکھے گا۔ اگر سکول اقدامات نہیں کرتا تو کاؤنٹی کمیشنر جرمانہ بھی طے کر سکتا ہے۔

بچوں، نوجوانوں اور والدین کیلئے موبنگ اور حقوق کے بارے میں معلومات

www.nullmobbing.no پر آپ کو نارویجن زبان میں یہ معلومات ملیں گی کہ طالبعلموں اور ان کے والدین کو کونسے حقوق حاصل ہیں اور اگر ایک طالبعلم موبنگ کا شکار ہو تو کیا کیا جا سکتا ہے۔

سب طالبعلموں کو سکول میں محفوظ اور اچھے ماحول کا حق حاصل ہے

سکول کے مادّی ماحول میں سکول کی عمارت کے اندرونی حصے بھی شامل ہیں اور کھلے حصے بھی۔ سب طالبعلموں کو ایک ایسی جائے کار کا حق حاصل ہے جو ان کی ضروریات کے لحاظ سے مناسب ہو۔ جب سکول میں مادّی سہولیات مہیا کی جائیں اور فرنیچر وغیرہ لگایا جائے تو معذور طالبعلموں کا خیال رکھا جائے گا۔

اگر آپ کی رائے میں سکول کے مادّی ماحول میں مناسب سہولیات میّسر نہیں ہیں تو آپ سکول کے پرنسپل سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ پھر سکول آپ کے معاملے پر غور کرے گا اور ایک انفرادی فیصلہ کرے گا۔ اگر سکول انفرادی فیصلے کے ذریعے آپکے معاملے میں قدم نہ اٹھائے تو آپ کاؤنٹی کمیشنر کے پاس شکایت کر سکتے ہیں۔